روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 26 دسمبر 2008ء 27 ذوالحج 1429 ہجری 26 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 291

مکھی کے دو پر

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو اسے ڈبو لو اور پھر نکال دو کیونکہ مکھی کے ایک پر میں شفا اور دوسرے میں بیماری ہے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الخلق باب اذاوقع الذباب حدیث نمبر :3073)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ مرض (طاعون) پلیدی اور ناپاکی سے پیدا ہوتا ہے۔ جہاں اچھی طرح صفائی نہیں ہوتی اور مکان کی دیواریں بدنما اور قبروں کا نمونہ ہوتی ہیں۔ نہ روشنی کا انتظام ہوتا ہے' نہ تازہ ہوا آ سکتی ہے۔ وہاں عفونت کا زہریلا مادہ پیدا ہو جاتا ہے' جس کے باعث یہ بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔ قرآن کریم میں جو آیا ہے۔(۔) کہ ہر ایک قسم کی پلیدی سے پرہیز کرو۔ ہجر دور چلے جانے کو کہتے ہیں۔ جس سے یہ معلوم ہوا کہ روحانی پاکیزگی چاہنے والوں کے لئے ظاہری پاکیزگی اور صفائی بھی ضروری ہے۔ کیونکہ ایک قوت کا اثر دوسری پر اور ایک پہلو کا اثر دوسرے پر ہوتا ہے۔

انسان کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ جو شخص باطنی طہارت پر قائم ہونا چاہتا ہے وہ ظاہری پاکیزگی کا بھی لحاظ رکھے۔ پھر ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (البقرہ:223) یعنی جو لوگ باطنی اور ظاہری پاکیزگی کے طالب ہیں۔ میں ان کو دوست رکھتا ہوں۔ ظاہری پاکیزگی باطنی طہارت کی ممد اور معاون ہے۔ اگر انسان اسے ترک کر دے اور پاخانہ پھر کر بھی طہارت نہ کرے' تو باطنی پاکیزگی پاس بھی نہیں پھٹکتی۔ پس یاد رکھو کہ ظاہری پاکیزگی اندرونی طہارت کو مستلزم ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ کم از کم جمعہ کے دن ضرور غسل کرے۔ ہر نماز میں وضو کرے۔ جماعت کھڑی ہو تو خوشبو لگائے۔ عیدین اور جمعہ میں جو خوشبو لگانے کا حکم ہے وہ اسی بنا پر قائم ہے۔ اصل وجہ یہ ہے کہ لوگوں کے اجتماع کے وقت عفونت کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے غسل کرنے اور صاف کپڑے پہننے اور خوشبو لگانے سے سمیت (زہر) اور عفونت سے روک ہوگی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے زندگی میں یہ قانون مقرر کیا ہے۔ ویسا ہی قانون مرنے کے بعد بھی رکھا ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 164)

امۃ المنان سکالرشپ
برائے فائن آرٹس

❁ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے ساتھ امسال نظارت تعلیم کے تحت ایک اور سکالرشپ ''امۃ المنان سکالرشپ'' جاری کیا جارہا ہے۔ یہ سکالرشپ صرف ان طالبات کے لئے ہوگا جنہوں نے امسال HEC سے منظور شدہ کسی ادارے میں بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ لیا ہو۔ ہر سال دو طالبات کو یہ سکالرشپ دیا جائے گا۔ ایسی طالبات سے درخواست ہے کہ وہ سادہ کاغذ پر بنام ناظر تعلیم اپنی درخواست مکرم صدر صاحب/مکرم امیر صاحب کی تصدیق، انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی، بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ کا ثبوت کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو ارسال فرمائیں۔ یہ سکالرشپ صرف طالبات کیلئے ہے۔ درخواست بھجوانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2008ء ہے۔ قواعد اور مزید تفصیلی معلومات نظارت تعلیم سے لی جاسکتی ہیں۔ فون نمبر:047-6212473

(نظارت تعلیم)

نمایاں اعزاز

❁ مکرم ڈاکٹر ناصر احمد وڑائچ صاحب احمد نگر تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے خاکسار کی بیٹی مکرمہ فلزہ ناصر صاحبہ کو امسال سرگودھا یونیورسٹی کے قیام کے بعد پہلے کانووکیشن منعقدہ 10 نومبر 2008ء میں ایم اے ہسٹری میں نمایاں پوزیشن لینے پر گولڈ میڈل اور کیش پرائز سے نوازا گیا ہے۔ انہیں یہ گولڈ میڈل گورنر پنجاب نے پہنایا۔ عزیزہ اس یونیورسٹی کی پہلی احمدی طالبہ ہیں جنہیں یہ اعزاز پانے کی توفیق ملی۔ موصوفہ مکرم محمد صادق وڑائچ صاحب چک نمبر L-5/3 جھنگ کی پوتی اور مکرم جان محمد صاحب احمد نگر کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں یہ اعزاز مبارک کرے اور مزید دینی و دنیاوی ترقیات سے نوازتا چلا جائے۔ آمین

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 513

روحانی تصرف کا علمی کرشمہ

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی راوی ہیں کہ ''ایک دفعہ مولوی محمد احسن صاحب امروہی، مولوی عبدالرحیم صاحب میرٹھی، چند اور احباب اور خاکسار حضرت مسیح موعود کے پاس بیٹھے تھے۔ حضور نے ایک اردو عبارت سنا کر فرمایا کہ اس مضمون کی مجھے یاد ہے کہ ترمذی شریف میں ایک حدیث ہے اور ترمذی شریف جو عربی میں تھی منگوا کر مولوی محمد احسن صاحب کو دی کہ اس میں سے نکالیں۔ مولوی صاحب موصوف علم حدیث میں بہت کامل سمجھے جاتے تھے۔ انہوں نے بہت دیر تک دیکھ کر فرمایا کہ حضور اس میں تو یہ حدیث نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا۔ مولوی عبدالرحیم صاحب کو کتاب دے دو۔ ان کو بھی وہ حدیث نہ ملی۔ پھر آپ نے فرمایا۔ منشی صاحب یعنی خاکسار کو دے دو۔ میں نے کتاب کھول کر دو تین ورق ہی الٹے تھے کہ وہ حدیث نکل آئی اور میں نے حضور کی خدمت میں پیش کر دی کہ حدیث تو یہ موجود ہے آپ اسے پڑھتے رہے اور مولوی محمد احسن صاحب بہت حیران ہو کر مجھ سے کہنے لگے کہ آپ بڑے فقیہ ہیں۔ میں نے کہا کہ میری فقاہت اس میں کیا ہے۔ یہ حضور کا تصرف ہے۔''

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 81)

گھر میں چلہ کشی اور الٰہی بشارات

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے قلم مبارک سے ایک نایاب تحریر

''خورشید بیگم صاحبہ اہلیہ مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ لجنہ اماء اللہ قادیان بذریعہ تحریر بیان کیا کہ میری پھوپھی صاحبہ (حضرت مصلح موعود کی تائی) نے ہمیں بتایا کہ ایک بار حضرت صاحب چالیس دن تک ایک کمرہ میں رہے۔ گھر والے کچھ کھانا بھیج دیتے کبھی آپ کھا لیتے کبھی نہ کھاتے۔ جب چالیس دن کے بعد باہر تشریف لائے تو آپ نے فرمایا۔ خدا تعالیٰ نے مجھے فرمایا ہے کہ ''جو بھی دنیا کی نعمتیں ہیں وہ میں سب تم کو دوں گا۔ دور دراز ملکوں سے لوگ تیرے پاس آویں گے۔'' تو ہم سب ہنستے تھے۔ اب دیکھو وہ سب باتیں پوری ہو گئیں۔''

(سیرت المہدی جلد دوم ص 207)

حضرت اقدس فرماتے ہیں:۔

میں بھی ہوں تیرے نشانوں سے جہاں میں اک نشان
جس کو تو نے کر دیا ہے قوم و دیں کا افتخار

قبول حق کی دلچسپ سرگذشت

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

''مراد خاتون صاحبہ اہلیہ محترمہ ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب مرحوم نے بواسطہ لجنہ اماء اللہ قادیان بذریعہ تحریر بیان کیا کہ ہمارے گھر میں پرانے رسم و رواج اور پردہ کی بڑی پابندی تھی۔ کنواریوں کو سخت پابندی سے رکھا جاتا تھا۔ اچھی وضع کے کپڑے، مہندی، سرمہ اور پھول وغیرہ کا استعمال ان کے لئے ناجائز تھا۔ ایک مرتبہ بھائی صاحب چھوٹے بھائیوں کے واسطے کوٹوں کا کپڑا لائے۔ میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ میں بھی اس کی صدری بنا سکتی، بچپن کی بات تھی۔ اللہ تعالیٰ کا معاملہ بھی بچوں سے اسی طرح کا علیٰ قدر مراتب ہوتا ہے۔ میں نے خیال کیا کہ اگر حضرت صاحب سچے ہیں تو خدا کرے اس کپڑے میں سے کوٹوں کی وضع کے بعد میری صدری کے قابل کپڑا بچ جاوے۔ چنانچہ جب کپڑا بچ گیا تو میں حیران تھی۔ میرا دل صدری پہننے کو چاہتا تھا مگر زبان نہیں کھول سکتی تھی۔ پھر میں نے دعا کی اگر حضرت مرزا صاحب سچے ہیں تو میری صدری بن جائے اور ڈرتے ڈرتے اماں جی سے کہا کہ میں اس کی صدری بنا لوں؟ یہ سن کر وہ سخت خفا ہونے لگیں کہ لڑکیاں بھی کبھی صدری پہنا کرتی ہیں؟ اس پر والدہ صاحبہ نے وہ کپڑا میری طرف پھینک دیا۔ میں نے کاٹ کر کے شام تک اس کی صدری سی لی۔ جس میں دو جیب بنا لئے تھے۔ جب اس کو پہنا تو خیال ہوا کہ جیب خالی نہ ہونا چاہئے اس پر پھر خیال آیا کہ اگر حضرت مرزا صاحب سچے ہیں تو مجھے کہیں سے ایک روپیہ بھی مل جاوے۔ اللہ کریم نے اس کو بھی پورا کر دیا۔ مجھے ایک روپیہ بھائی نے خود ہی دے دیا۔''

(سیرت المہدی جلد دوم ص 210)

زلزلہ کانگڑہ 1905ء اور ''الدار'' کا منظر

بیان حضرت ام ناصر:۔

''جب بڑا زلزلہ آیا صبح کا وقت تھا۔ یکا یک شور و غل کی آوازیں آئیں اور جھٹکے شروع ہو گئے۔ ہم اس وقت گھر میں وہ کمرہ جو کنوئیں کے اوپر تھا اور اب گرا دیا گیا ہوا ہے، اس میں تھے۔ نوکریں باہر سے دروازہ کھٹکھٹاتیں کہ دروازہ کھول کر باہر نکلو۔ حضرت خلیفہ ثانی چارپائی پر دروازہ کھولنے کی کوشش فرماتے مگر جھٹکوں کے باعث کھول نہیں سکتے تھے۔ کنڈی کنڈے سے کچھ ہی پیچھے ہٹاتے تھے کہ زلزلہ کے جھٹکے سے ہاتھ چھوٹ جاتا اور حلقہ پیچھے ہٹ جاتا۔ کئی بار ایسا ہوا۔ بمشکل کنڈی کھولی۔ سردی بھی لگ رہی تھی۔ میں نے پردہ کے واسطے چادر اٹھانی چاہی مگر میاں صاحب نے میرا ہاتھ پکڑ کے مجھے جلدی سے باہر کھینچ لیا۔ وہاں آنگن کی کنڈی بند تھی اسے بمشکل کھولا۔ حضرت مسیح موعود اور سب خدا کے حضور سجدہ میں گرے پڑے تھے۔

(سیرت المہدی جلد دوم ص 255)

☆......☆......☆

سالانہ سائنس و آرٹ نمائش 2008ء

(مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

صد سالہ خلافت جوبلی کے بابرکت سال میں مورخہ 4 دسمبر 2008ء کو مریم گرلز ہائی سکول ربوہ میں سالانہ سائنس و آرٹ نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ مکرم پرنسپل صاحب نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم نے صبح 11:00 بجے نمائش کا باقاعدہ افتتاح کیا اور دعا کروائی۔ سائنس و آرٹ نمائش کا علیحدہ علیحدہ اہتمام کیا گیا تھا۔ مکرم مہمان خصوصی نے سائنس کے مختلف شعبہ جات کے ماڈلز اور Scenes کا دلچسپی سے وزٹ کیا۔ جن میں خلافت احمدیہ (ہجرت، مراکز) صحرائے عرب، مریم گرلز ہائی سکول (ماضی حال مستقبل) میوزیم، پلانٹیریم اور World map قابل ذکر ہیں۔ طالبات نے ماڈلز کی Explanation پر اعتماد انداز میں کی اور مہمانان گرامی کے سوالات کے جوابات دیئے۔ اسی طرح آرٹ گیلری میں طلبہ کی ہاتھ سے بنی ہوئی مختلف اشیاء، ڈرائی فلاور ارینجمنٹ اور آرٹ کے دیگر نمونہ جات کا وزٹ کیا اور طلبہ کی کاوشوں کو سراہا۔ نیز مینا بازار کا بھی انعقاد کیا گیا اور مختلف پروگرامز (ٹیبلو، منظوم ڈرامہ، پی ٹی شو، قوالی، فینسی ڈریس شو) پیش کئے گئے۔ سٹالز کو Scenes (موسموں) کی شکل دی گئی اور اسی مناسبت سے کھانے پینے کی اشیاء کا اہتمام کیا گیا۔ ہر سٹال نے مہمانوں کو منفرد انداز میں صد سالہ خلافت جوبلی کی مبارکباد پیش کی۔ علاوہ ازیں سٹالز پر مہمانوں اور زائرین کے بیٹھنے کا معقول انتظام کیا گیا تھا۔

مہمانان گرامی میں ہیڈ مسٹریسز وسٹاف سکولز نظارت تعلیم کے علاوہ دیگر سکولز کی ہیڈ مسٹریسز وسٹاف نے بھی نمائش کا وزٹ کیا نیز امہات اور طالبات کی ایک کثیر تعداد نے دلچسپی سے نمائش دیکھی اور مینا بازار کے پروگرامز سے لطف اٹھایا۔ نمائش کا وزٹ کرنے کے بعد جملہ مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

(پرنسپل مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

مفید معلومات

پاکستان نٹ ویئر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے تحت امپورٹ ایکسپورٹ مینجمنٹ کے کورسز ہو رہے ہیں۔ معلومات کیلئے 150 علی بلاک، گارڈن ٹاؤن لاہور، فون:042-5880823,5911365 پر رابطہ کریں

معدنی کوئلہ (برائے بھٹہ جات و دیگر انڈسٹریز) کی خرید و فروخت کے کام کے سلسلہ میں راہنمائی حاصل کریں۔ رابطہ کیلئے۔

مرزا فاروق احمد:0300-8589802
مبشر احمد صاحب:0300-8382963
مکان نمبر 113 نصرت کالونی دارالفتوح جنوبی ربوہ
چوہدری مبشر احمد
USA:001-571-748-4871
VA ZIP CODE 20120
chaudhry_mubasher@yahoo.com

نوٹ: مزید معلومات کیلئے مورخہ 14 دسمبر 2008ء کا روزنامہ ڈان ملاحظہ کریں۔

(نظارت صنعت وتجارت)

داخلہ دارالصناعہ

دارالصناعہ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں درج ذیل ٹریڈز میں داخلے جاری ہیں۔

مارننگ سیشن

1۔ آٹو مکینک
2۔ ریفریجریشن وائیر کنڈیشننگ
3۔ ووڈ ورک (کارپینٹر)

ایوننگ سیشن

1۔ آٹو الیکٹریشن
2۔ جنرل الیکٹریشن
3۔ پلمبنگ

داخلہ فارم کے حصول و دیگر معلومات کیلئے دفتر دارالصناعہ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 2 5 / 7 2 دارالعلوم وسطی ربوہ رفون نمبر 047-6002033 سے رابطہ کریں۔

☆ کلاسز کا آغاز یکم جنوری 2009ء سے ہوگا۔
☆ نشستوں کی تعداد محدود ہے۔
☆ بیرون ربوہ طلباء کیلئے ہوسٹل کا انتظام موجود ہے۔
☆ والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ادارہ میں داخل کروائیں۔
☆ تمام طلباء جو ادارہ ہذا سے کورسز مکمل کر چکے ہیں ان کی اسناد آ چکی ہیں۔ لہٰذا ان سے درخواست ہے کہ اپنی اسناد دفتر ہذا سے حاصل کریں۔

(نگران دارالصناعہ)

☆......☆......☆

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

نظام عدل کی دینی تعلیم اور اس کے قیام کی اہمیت

اللہ تعالیٰ نے نظام عالم کو قائم رکھنے کے لئے پہلے عدل کا حکم دیا اور اس کے بعد احسان کی تاکید کی

مکرم کریم ظفر ملک صاحب ابن حضرت مولانا ظہور حسین صاحب مربی روس

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

بے شک اللہ تعالیٰ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔(النحل:91)

یہ وہ عظیم اور غیر مبدل تعلیم ہے جو دین حق کا طرۂ امتیاز ہے اور آج کی متمدن دنیا کا مقبول ترین نعرہ بھی یہی بن گیا ہے بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ اِس کی ضرورت اور اہمیت کو موجودہ دنیا نے شدت سے محسوس کیا ہے۔ اے کاش! آج کی متمدن کہلانے والی دنیا تاریخ عالم کے اس دور کو دیکھنے کی زحمت گوارا کرتی ہوئی اُس عظیم انقلاب کو دیکھتی جو آج سے 14 سو سال قبل رونما ہوا۔ جب دنیا کو اُس دلکش اور دلربا نظارے کو دیکھنے کا موقعہ ملا کہ نہ غلام، غلام رہا، نہ مالک، مالک رہا، نہ دولت مند اپنی دولت کو کچھ سمجھتا تھا اور نہ غریب کو احساس محرومی تھا۔ ہاں اسی دور کی بات کرتا ہوں جس کا آغاز خدا کے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کے طفیل ہوا۔ انسانی سماج کو عدل وانصاف اور آزادی ومساوات کے روح پرور نظارے دیکھنے کو ملے اور آج تاریخ کے سینہ میں وہ محفوظ ہیں اور ہمیں دعوت فکر دیتے ہیں۔

عدل و انصاف، آزادی و مساوات کی آبیاری میں ہمارے آقا ومطاع سیدنا ومولانا محمد مصطفیٰ ﷺ کا اُسوہ بین الاقوامی برادری میں آفاقی اور لافانی ہے۔ اسلام نے اس کے لیے انتہائی مضبوط اور غیر مبدل اصول نہ صرف وضع کیے بلکہ عملاً لوگوں کے سامنے کر کے اپنا لازوال اُسوہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے ذریعہ مشعل راہ کے طور پر چھوڑا ہے۔

مضمون کو سمجھنے کے لیے عدل کے معنے اور احسان کی حقیقت کو جاننا ضروری ہے۔

عدل کیا ہے؟

کسی چیز کو یا کسی بوجھ کو دو برابر حصوں میں ایسے طور سے بانٹنا کہ اُن دو میں سے کسی میں ذرا بھی کمی بیشی نہ ہو۔ اس کو عربی میں عدل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ عدل قانون کا اقتضا ہے یعنی عدل قانون کے تحت آتا ہے جبکہ احسان درگزر کرنے کا نام ہے۔ یا احسان عدل کے تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد جو چیز ازراہِ شفقت ہو احسان کے ذیل میں آتی ہے۔

اہمیت وافادیت

اللہ تعالیٰ نے نظام عالم کو قائم رکھنے کے لیے پہلے عدل کا حکم دیا اور اُس کے بعد احسان کی تاکید کی۔ پس دین کا نظام عدل اُن سب اقدار کی آبیاری کرتا ہے اور اُن کو ایسے سنوارتا ہے جو ایک حسین اور خوبصورت معاشرے کو جنم دے سکیں۔ جہاں ہر کسی کو بلالحاظ مذہب وملت یکساں فائدہ ہو۔ چنانچہ معاشرتی زندگی میں عدل وانصاف کی ضرورت واہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہے۔ گھریلو زندگی سے لے کر ایوانِ اقتدار تک ان سنہری اصولوں کی شدت سے ضرورت ہے جو اسلام اور بانی اسلام آقائے دوجہاں سیدِ وُلدِ آدم حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ نے وضع فرمائے ہیں اور ان اصولوں پر عمل پیرا ہوئے بغیر ایک خوبصورت اور حسین معاشرہ قائم ہو ہی نہیں سکتا اور نہ ہی اس کے بغیر عدل وانصاف کا تصور ہی کیا جاسکتا ہے۔

قیام عدل میں سفارش، دولت مند ہونا، خاندان کا اونچا ہونا، اثر ورسوخ وغیرہ باتوں کی اہمیت اور دخل کی کوئی گنجائش نہیں ہے جو آج کے زمانے کا طرۂ امتیاز ہے۔

ایک لازوال مثال

دین حق ایک آفاقی مذہب ہے اور خدا تعالیٰ کا آخری دین ہے لہٰذا ان باتوں کی یہاں کوئی وقعت اور قدر نہیں ہے۔ وقعت اور قدر و قیمت اگر ہے تو وہ تقویٰ اور خدا خوفی کی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اپنے عملی نمونہ کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام دنیا کے لیے ایک لازوال مثال قائم کی ہے۔ وہ اس طرح کہ ایک دفعہ قبیلہ بنی مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی اور پکڑی گئی۔ اسامہ بن زیدؓ جن سے آنحضرت ﷺ بہت محبت رکھتے تھے کو بعض لوگوں نے آپؐ کی خدمت میں سفارش کے لیے بھجوایا۔ آپؐ نے اسامہؓ کو مخاطب کر کے فرمایا:

اے اُسامہ! کیا تم حدود خداوندی میں سفارش کرتے ہو۔ پھر آپؐ کھڑے ہوگئے اور حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ تم سے پہلی امتیں اس لیے ہلاک اور گمراہ ہوئیں کہ جب کوئی معزز آدمی کوئی جرم کرتا تو اُس سے درگزر کرتے اور اسے چھوڑ دیتے اور جب کوئی کمزور اور بے سہارا جرم کرتا تو اُسے سزا دیتے۔ خدا کی قسم اگر محمدؐ کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں اُس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا۔ (بخاری کتاب الحدود)

جنگ بدر کا واقعہ

جنگ بدر کے موقعہ پر جن کفار کو مسلمانوں نے قید کر لیا تھا اُن میں حضرت عباسؓ بھی شامل تھے۔ چونکہ وہ نازونعم میں پلے ہوئے تھے، اس لیے جب انہیں رسیوں سے جکڑا گیا تو انہوں نے شدت تکلیف سے کراہنا شروع کر دیا۔ آنحضرت ﷺ کو جب اُن کے کراہنے کی آواز آئی تو آپؐ بے چین ہوگئے۔ صحابہؓ نے محسوس کیا کہ اس کی وجہ حضرت عباسؓ کے کراہنے کی آواز ہے۔ چنانچہ وہ چپکے سے اٹھے اور حضرت عباسؓ کی رسیاں ڈھیلی کر دیں۔ اس پر اُن کے کراہنے کی آواز بند ہوگئی۔ جوں ہی آپؐ نے محسوس کیا کہ اب آوازیں نہیں آرہی ہیں تو آپؐ نے صحابہؓ سے دریافت کیا کہ آخر کیا بات ہے آوازیں کیوں بند ہوگئیں؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ یارسول اللہ ﷺ آپؐ کی بے چینی کو دیکھ کر ہم نے عباس کی رسیاں ڈھیلی کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا یہ انصاف کے خلاف ہے۔ جاؤ سب قیدیوں کی رسیاں ڈھیلی کر دو۔

(سیرت ابن ہشام، واقعات بدر)

انسان کا بنیادی حق

یہ وہ عدل وانصاف ہے جس کی اِس زمانے کو ضرورت ہے۔ یہ وہ عدل وانصاف ہے جو ہمارے آقا محمد ﷺ نے قائم فرمایا اور جو اسلام کے عالمگیر نظامِ عدل کا آئینہ ہے اور یہ وہ تعلیم ہے جس کا حق اسلام نے ہر انسان کو دیا ہے اور یہی وہ حق ہے جو اسلام نے ہر انسان کا بنیادی سطح پر نہ صرف تسلیم کیا ہے بلکہ اس کے مطابق عمل بھی ہوتا رہا ہے۔ انسان کا تعلق کسی ذات سے ہو یا کسی برادری سے ہو یا کسی ملک یا قوم سے ہو، کسی دوسرے انسان کو کسی کے حق کو سبوتاژ کرنے کی اسلام اجازت نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں فرماتا ہے:

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے لیے انصاف کی گواہی دینے والے بن کر کھڑے ہو جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں انصاف کرنے سے نہ روکے۔ پس انصاف سے کام لو۔ یہی تقویٰ کے قریب ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو بے شک اللہ تعالیٰ باخبر ہے اس چیز سے جو تم کرتے ہو۔ (سورۃ المائدہ:9)

دشمنوں سے عدل کی نصیحت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’خدا تعالیٰ نے عدل کے بارے میں جو بغیر سچائی پر پورا قدم مارنے کے حاصل نہیں ہوسکتا فرمایا ہے کہ دشمن قوموں کی دشمنی تمہیں انصاف سے مانع نہ ہو۔ انصاف پر قائم رہو کہ تقویٰ اسی میں ہے۔ اب آپ کو معلوم ہے کہ جو قومیں ناحق ستاویں اور دکھ دیویں اور خوں ریزیاں کریں اور تعاقب کریں اور بچوں اور عورتوں کو قتل کریں جیسا کہ مکہ والے کافروں نے کیا تھا اور پھر لڑائیوں سے باز نہ آویں ایسے لوگوں کے ساتھ معاملات میں انصاف کے ساتھ برتاؤ کرنا کس قدر مشکل ہوتا ہے۔ مگر قرآنی تعلیم نے ایسے جانی دشمنوں کے حقوق کو بھی ضائع نہیں کیا اور انصاف اور راستی کے لیے وصیت کی ...... مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ دشمن سے مدارات سے پیش آنا آسان ہے مگر دشمن کے حقوق کی حفاظت کرنا اور مقدمات میں عدل و انصاف کو ہاتھ سے نہ دینا یہ بہت مشکل اور فقط جوانمردوں کا کام ہے۔ اکثر لوگ اپنے شریک دشمنوں سے محبت تو کرتے ہیں اور میٹھی میٹھی باتوں سے پیش آتے ہیں مگر ان کے حقوق دبا لیتے ہیں۔ ایک بھائی دوسرے بھائی سے محبت کرتا ہے اور محبت کے پردہ میں دھوکا دے کر اُس کے حقوق دبا لیتا ہے۔ مثلاً اگر زمیندار ہے تو چالاکی سے اس کا نام کاغذات بندوبست میں نہیں لکھواتا اور یوں اتنی محبت کہ اس پر قربان ہوا جاتا ہے۔ پس خدا تعالیٰ نے اس آیت میں محبت کا ذکر نہ کیا بلکہ معیار محبت کا ذکر کیا کیونکہ جو شخص اپنے جانی دشمن سے عدل کرے گا اور سچائی اور انصاف سے درگزر نہیں کرے گا وہی ہے جو سچی محبت بھی کرتا ہے۔‘‘

(تفسیر حضرت مسیح موعود سورۃ المائدہ زیر آیت نمبر 9)

سیدنا حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی سورۃ نحل کی آیت 91 کی تفسیر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

’’عدل کے معنی برابری کے ہوتے ہیں۔ یعنی انسان دوسرے سے ایسا سلوک یا معاملہ کرے جیسا کہ اس کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ اس پر ظلم کیا جاتا ہے تو وہ اتنا بدلہ لے سکتا ہے جتنا ظلم ہوا ہے مگر اس سے زیادہ سختی نہیں کرسکتا۔ اس سے کوئی شخص حسن سلوک کا معاملہ کرتا ہے تو اس کا بھی فرض ہے کہ کم سے کم اتنا حسنِ سلوک اس سے کرے۔

(تفسیر کبیر جلد چہارم ص220)

اللہ تعالیٰ سے عدل کرنے کے معنی

اللہ تعالیٰ سے عدل کرنے کے یہ معنے ہیں کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ نیک معاملہ کیا ہے یہ بھی اس کا حق ادا کرے اور اپنے وجود سے اللہ تعالیٰ کے لیے اعتراضات کے مواقع پیدا نہ کرے۔ اسی طرح یہ کہ اس کا حق غیر اللہ کو نہ دے اور شرک میں مبتلا نہ ہو کیونکہ شرک کرنا گویا خدا تعالیٰ کا حق چھین کر دوسرے کو دینا ہے اور یہ ظلم ہے۔ اسی وجہ سے قرآن کریم میں شرک کا نام ظلم بھی رکھا گیا ہے۔ پس خدا کا بیٹا یا بیوی یا اس کے شریک قرار دینا عدل نہیں بلکہ ظلم ہے۔ کیونکہ ظلم اسی کو کہتے ہیں کہ ایک کا حق کسی اور کے سپرد کر دیا جائے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی صفات کو اپنی طرف منسوب کر لینا یہ بھی عدل کے خلاف ہے مثلاً شریعت کا بنانا اور الہام الٰہی کا بھیجنا خدا تعالیٰ کا کام ہے۔ اب اگر کوئی شخص خود ہی شریعت بنانے کا مدعی بن بیٹھے یا

الہام نازل کرنے کا جیسا کہ بہاء اللہ وغیرہ نے کیا تو وہ عدل کو توڑتا ہے۔ اگر انسان خدا تعالیٰ کے ساتھ عدل کرے تو شرک کفر اور نافرمانی سب مٹ جائیں۔''
(تفسیر کبیر جلد 4 صفحہ 221,220)

دین حق نے بلالحاظ مذہب و ملت، ذات اور پات، علاقہ اور قوم کے عدل و انصاف کی ایسی راہیں متعین کر دیں جہاں ہر کسی کو انصاف و عدل مل کر رہے گا۔ اے کاش! مومنوں کو یہ توفیق ملے کہ وہ دین کی اس سنہری تعلیم کو اہل دنیا پر کھولنے کی توفیق پاویں اور اہل دنیا اس تعلیم سے استفادہ کرنے والے بنیں۔

عدل کی دینی تعلیم

عدل و احسان اور انصاف کی لازوال دینی تعلیم معاشرے کے ہر طبقے بلکہ ہر فرد کے لیے ایک جیسی ہے۔ کوئی حد بندی نہیں۔ افسر ہو یا ماتحت، طاقتور ہو یا کمزور، بے اختیار ہو یا با اختیار عدلیہ کے سامنے سب ایک ہی صف میں کھڑے ہیں۔ قانون ہر کسی کے لیے ایک جیسا ہے۔ عدل کا اطلاق علمی وفکری قوتوں کی یکسانیت، سماجی ربط وضبط کے ہمہ جہت پہلوؤں صلہ رحمی، بادشاہ اور رعایا کے حقوق، بلاامتیاز رنگ و نسل، زبان، علاقیت، پیشہ وحرفت پر ایک جیسا مؤثر ہے۔ مذاہب کا اختلاف عدل کی فراہمی میں قطعاً روک نہیں بن سکتا۔

رسول اللہ ؐ کا نمونہ

چنانچہ تاریخ اسلام میں ایسے بے شمار واقعات ملتے ہیں جو انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی سیرت کے دو حصے ہیں۔ ایک نبوت سے پہلے کا دور اور ایک نبوت سے سرفراز ہونے کے بعد کا۔ نبوت سے پہلے کے دور میں بھی آپ کی سیرت صاف و پاک اور ہر قسم کے جور و جبر اور دیگر دنیاوی آلائشوں سے مبرا تھی۔ آپؐ نے اپنی قوم کے سامنے واشگاف الفاظ میں اس بات کا اعلان کیا کہ میں نے اپنی عمر کا بیشتر حصہ آپ لوگوں میں گزارا۔ کیا تم نے کبھی میری زندگی میں کوئی ایسی بات دیکھی جو ناپسندیدہ ہو (یونس:17)۔ چنانچہ اس دور میں بھی آپؐ نے عدل و انصاف اور احسان کرنے کے اعلیٰ اخلاق و کردار کو ہاتھ سے نہ چھوڑا۔

حلف الفضول

حلف الفضول میں آپؐ اس لیے شامل ہوئے تھے کہ غرباء کو عدل و انصاف مہیا کرائیں چنانچہ ایک مرتبہ جب کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نبوت کے مقام سے سرفراز فرما چکا تھا۔ ایک شخص آنحضرت ﷺ کے پاس آیا اسے کسی مشرک نے شرارتاً آپ کے پاس بھیجا تھا۔ اس نے ایک اونٹ ابوجہل کو بیچا تھا اور ابوجہل اس کی رقم دینے میں ٹال مٹول کرتا رہتا تھا۔ اس مشرک نے بطور شرارت کہا کہ محمد تمہارا حق دلوا سکتا ہے۔ وہ حلف الفضول میں مظلوموں کے حقوق کی پاسداری کا عہد کر چکا ہے۔ اس مشرک کے دل میں تو یہ تھا کہ محمدؐ جب ابوجہل کے پاس جائیں گے تو ان کی رسوائی ہوگی، مگر جب اس مظلوم کی مدد کے لیے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کھڑے ہوئے اور ابوجہل کو جا کر اُس شخص کی رقم دینے کا کہا تو ابوجہل گھر میں گیا اور رقم لا کر اس شخص کے سپرد کر دی جس پر وہ بہت خوش ہوا۔ ادھر جب ابوجہل کے ساتھیوں نے یہ نظارہ دیکھا تو حیران رہ گئے اور اس سے پوچھا کہ تم نے یہ کیا کیا؟ اس پر ابوجہل نے کہا کہ جب محمد نے مجھ سے اس شخص کی رقم کا مطالبہ کیا تھا میں نے دیکھا کہ دو مست اونٹ اس کے پیچھے کھڑے ہیں اور مجھے ڈر تھا کہ اگر میں نے انکار کیا تو وہ مجھے نقصان پہنچائیں گے اس لیے میں نے بے چون و چرا رقم لا کر رقم کا مطالبہ کرنے والے کے سپرد کر دی۔ (سیرت ابن ہشام)

عدل و انصاف کی پیاری تعلیم

اس طرح کے بہت سارے واقعات تاریخ اسلام میں مندرج رہتی دنیا تک لوگوں کو دعوت فکر و تدبر دیتے رہیں گے۔ نبوت کے مقام پر سرفراز ہونے کے بعد آپؐ نے خدا تعالیٰ سے ایسی تعلیم پائی کہ آپ کی ذات اقدس میں خدا تعالیٰ کا چہرہ نظر آنے لگا۔ آپؐ کا یہ بنیادی فریضہ قرار پایا جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی فطرت میں نبوت ملنے سے پہلے ودیعت فرمایا تھا کہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں۔ چنانچہ ایسے ہی ہوا۔ آپ ہر قسم کے کمالات انسانی ختم ہوئے آپ نے عدل و انصاف، احسان و پیار کی ایسی تعلیم لوگوں کو دی جو قیامت تک دائم و قائم رہے گی۔ آپ سے تربیت یافتہ صحابہؓ تو آسمان ہدایت کے ستارے ثابت ہوئے۔ اُن میں سے ہر فرد اعلیٰ کردار، اعلیٰ اخلاق، عدل و احسان میں یکتائے روزگار مقام رکھتا تھا۔ اُن سب نے ضرورت پڑنے پر عدل و انصاف کے بہترین اور رہبر نمونے چھوڑے ہیں۔

حضرت عمرؓ کا عدل

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کا واقعہ ہے کہ آپؓ نے ایک ذمی کو دیکھا کہ لوگوں سے بھیک مانگ رہا ہے۔ حضرت نے اس سے بھیک مانگنے کی وجہ دریافت کی۔ اُس نے جواب دیا کہ میرے ذمہ جزیہ کی رقم بقایا ہے۔ اُس پر آپؓ نے اُسے کہا کہ تمہارے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا ہے۔ ہم نے تیری جوانی میں تجھ سے فائدہ اٹھایا۔ اب بڑھاپے میں تجھے زمانہ کے سپرد نہیں کر سکتے۔ آپؓ اسے بیت المال میں لے گئے اور وہاں جو کچھ تھا اُس میں سے اسے دیا اور پھر حکم جاری کیا کہ غیر مسلم ضرورت مند کو بیت المال سے گزارہ دیا جائے۔

(اشتراکیۃ الاسلام صفحہ 319 الدکتور مصطفیٰ السباعی)

اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ حق کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے (سورۃ المومن:21) نیز فرمایا کہ اللہ تعالیٰ حق بات کہتا ہے۔ (احزاب:5)

دونوں آیات کریمہ میں عدل فعلی اور عدل قولی کا اظہار ہے۔

ہر شعبہ میں ضرورت

کائنات پر غور اور تدبر کرنے سے اس بات کی واضح نشاندہی ہو جاتی ہے کہ یہ سارا کارخانہ اللہ تعالیٰ کے عدل و انصاف کے بل بوتے قائم ہے۔ عدل و انصاف صرف نظم سلطنت کے لیے ہی مخصوص نہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں اس کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں یہ اظہار فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بلاشبہ انصاف اور نیکی کرنے کا حکم دیتا ہے۔ بالفاظ دیگر اللہ تعالیٰ عدل و احسان کا حکم دیتا ہے۔

جیسا کہ عرض کر چکا ہوں کہ عدل قانون کا تقاضا کرتا ہے اور احسان اور درگزر کرنا اخلاق کا مطالبہ کرتا ہے۔ ان دونوں کا اکٹھا ذکر کرنے میں ایک اہم اور غیر معمولی تعلیم مضمر ہے اور اللہ تعالیٰ جو تمام کائنات کا پالن ہار ہے اور احکم الحاکمین ہے وہ اپنے بندوں پر نہایت درجہ کرم فرمائی کرتے ہوئے ایسی تعلیم دینا چاہتا تھا جو انسانی زندگی پر وارد ہونے والے تمام گوشوں کو اپنے احاطے میں لے سکے۔ چنانچہ معاشرتی زندگی میں میاں بیوی کا معاملہ، عام معاملات میں روزانہ کی خرید و فروخت اور وزن و پیمان کا معاملہ، عدالتی معاملات، شہادت اور فیصلہ جات کے وقت انصاف اور حق شناسی کا مظاہرہ وغیرہ ایسے بے شمار معاملات ہیں جن میں عدل و انصاف اور احسان کو ہاتھ سے نہ چھوڑنے کی ہدایت مندرج ہے۔

ہمہ جہتی عدالت

اسلام اور آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ کا ہر ہر لمحہ عدل و انصاف کی تعلیم کو حاصل کرنے کے لیے مشعل راہ ہے۔ حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ قیامت تک کے لوگوں کے لئے چیف جسٹس اور ہمہ جہتی سربراہ عدالت ہیں۔ آپؐ کی عدالت آئین اسلام کے تحت جو مولا کریم کا بنایا ہوا آئین ہے قائم ہے۔ آپ کی عدالت کسی خاص قوم، مذہب، زمانہ یا ملک کے لیے نہیں بلکہ ہمہ جہتی اور سارے عالم کے لیے بلا قید مکان و زمان ہے۔

دینی عدل کا قیام

تاریخ اسلام شاہد ہے کہ آنحضرت ﷺ نے خود اور آپ کے خلفائے کرام نے عدل و انصاف کا قیام فرمایا اور آپؐ کے خلفاء کے بعد تاریخ اسلام کے اس دور میں بھی جبکہ شخصی حکومتیں قائم ہو چکی تھیں اور بہت حد تک خرابیاں وقوع پذیر ہو گئی تھیں، اسلامی سربراہان میں سے بعض نے عدل و انصاف کو ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ تاریخ عالم شاہد ہے کہ غیر مسلم سربراہان کی نسبت مسلم حکمرانوں نے ہمیشہ اسلامی تعلیم کو اپنا قانون بنایا۔ سب اگرچہ نہیں لیکن آثار ضرور ملتے ہیں جو اسلامی عدل کو عیاں کرتے ہیں۔

حضرت عمر بن عبد العزیز کا عدل

حضرت عمر بن عبد العزیز 99 ہجری تا 101 ہجری خلیفۃ المسلمین رہے۔ انہوں نے اپنے پہلے خطبے میں یوں اعلان کیا ''کہ اے لوگو جو اللہ کی اطاعت کرتا ہے اُس کی اطاعت واجب ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے اُس کی اطاعت واجب نہیں۔ پس جب تک میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کروں میری اطاعت کرو۔ اگر میں اُس کی نافرمانی کروں تو میری اطاعت نہ کرنا۔''

خلیفہ بننے کے بعد سب سے پہلا کام آپ نے یہ کیا کہ تمام ظالم گورنروں کو معزول کر دیا اور مظالم کی روک تھام کی۔ والیوں کی طرف جو لائحہ عمل حکومت نے بھیجا اس میں درج تھا کہ

1۔ شاملات سب مسلمانوں کی ہے۔ کسی کی خاص نہیں۔

2۔ سمندر سے ہر ایک کو فائدہ اٹھانے کا یکساں حق ہے۔

3۔ عام مسلمانوں کے مفاد کو نظر انداز نہ کیا جائے۔

4۔ ٹیکسوں کے حصول میں ظلم نہ کیا جائے۔

5۔ ناپ تول کا نظام تمام ملک میں یکساں ہو۔

آپ نے اپنی اہلیہ کے وہ تمام تحائف اور ہدایا جو سابق خلفاء نے ان کو دیئے تھے بیت المال میں جمع کروا دیئے تا کہ انہیں ضرورتمندوں پر خرچ کیا جائے۔ وہ اپنی ذاتی ضروریات کے لیے بیت المال کے چراغ کو بجھا کر ذاتی دیا جلاتے۔ اُن کا قول تھا کہ خلیفہ بیت المال کا امین ہے نہ اس میں ناجائز طریق سے کوئی درہم آئے نہ ناجائز طریق پر اس سے نکلے۔''

(عمر بن عبد العزیز مؤلفہ محمد علی فتاوی ص 46,45 مطبوعہ بیروت)

ہشام بن عبد الملک کی نصیحت

ہشام بن عبد الملک نے اپنے لڑکے حکم بن ہشام کو جو وصیت کی تھی وہ یہ تھی:

''عدل و انصاف کرنے میں امیر اور غریب کا امتیاز نہ کرنا جو لوگ تمہارے دست نگر ہوں اُن سے لطف اور نرمی سے پیش آنا۔ سب لوگ اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔ تمہارے جو عُمال رعایا کو تنگ کریں ان کو سخت سزا دینا۔ اپنے سپاہیوں پر اعتدال اور استقلال سے حکومت کرنا یہ یاد رکھنا کہ اُن کو اس لیے ہتھیار دیئے جاتے ہیں کہ وہ ملک کی حفاظت کریں نہ اس لیے کہ ملک کو تباہ کر ڈالیں۔ یاد رکھو ان کی تنخواہیں وقت پر دیتے رہنا اور اُن سے جو وعدہ کرنا پورا کرنا۔ ہمیشہ اس کوشش میں رہنا کہ تمہاری رعایا تمہاری گرویدہ رہے۔ کیونکہ اُن کی محبت سے ہی تمہاری سلطنت کا

قیام و دوام ہے۔ اگر وہ تم سے خوف کھائیں گے تو تمہارے لیے خطرناک ہوں گے۔ اگر وہ تم سے نفرت کریں گے تو یاد رکھو یہی تمہاری بربادی کا سبب ہوگا۔ اُن لوگوں کی حمایت وحفاظت کرنا جو کاشتکار کہلاتے ہیں اور ہمارے لیے روٹی مہیا کرتے ہیں۔ خبردار اُن کی فصلیں خراب نہ ہونے پائیں اور اُن کے جنگل اور چراگاہیں تباہ نہ ہوں۔ ہر بات میں ایسا طرز عمل رکھنا کہ تمہاری رعایا تمہیں دعائیں دے اور تمہارے زیر سایہ لوگ خوشی اور خرمی سے اپنی عمریں گزاریں۔ یہی اور صرف یہی طریقہ ہے جس سے تمہاری نیک نامی ہوگی۔‘‘

(ماخوذ از مسلمان یورپ میں مصنفہ احسان الحق ایم اے ص 131,130)

عدل وانصاف کے لیے قرآن حکیم میں دوسرا لفظ ’’قسط‘‘ بھی استعمال ہوا ہے۔ دو فریق کے درمیان ایک جیسا سلوک کیا جائے تو یہ عدل ہے۔ جب کہ حقوق اور واجبات کو پورا پورا ادا کرنا اور اس میں کسی قسم کی کمی بیشی نہ کرنا ’’قسط‘‘ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں ہر معاملے میں عدل وانصاف اور قسط کو قائم رکھنے کی تاکید فرمائی ہے۔ یہاں تک کہ دشمن کے ساتھ بھی عدل کرنے کا تاکیدی حکم دیا ہے۔ نیز شہادت کو اللہ تعالیٰ کے لیے ’’بالقسط‘‘ ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ قرآن حکیم کی مندرجہ ذیل آیت میں دونوں کا ذکر فرمایا:

اے ایماندارو تم انصاف کے ساتھ گواہی دیتے ہوئے ایستادہ ہو جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کردے کہ تم انصاف نہ کرو۔ تم انصاف کرو وہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے یقیناً آگاہ ہے۔ (سورۃ المائدہ آیت نمبر 9)

پھر اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں ناپ تول باہمی گفت وشنید، لین دین، میاں بیوی کے تعلقات میں، ہمسایوں کے حقوق وغیرہ سب معاملات میں بہترین رہنمائی کرتے ہوئے عدل وانصاف اور احسان کا معاملہ کرنے کی ہدایت دی ہے۔

دینی تعلیم میں عدل کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے اچھی طرح لگایا جاسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں 104 جگہ پر ظلم سے باز رہنے کی ہدایت کی ہے۔ ظاہر ہے کہ ظلم عدل وانصاف کی ضد ہے۔ مطلب واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ عدل وانصاف کرنے کی نہ صرف تاکید کرتا ہے بلکہ اس میں مبالغہ کی حد تک تاکید کرتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ ایک عباسی خلیفہ منصور کے خلاف جب ایک ساربان نے مدینہ کی عدالت میں مقدمہ دائر کیا تو خلیفہ مدعا علیہ کی حیثیت سے قاضی کے سامنے پیش ہوا اور جب قاضی نے خلیفہ کے خلاف فیصلہ دیا تو خلیفہ منصور نے قاضی کے عدل وانصاف کی بہت تعریف کی۔

اسی طرح برصغیر ہندوستان کے ایک مغل بادشاہ شہنشاہ عالمگیر نے حکم جاری کیا تھا کہ ’’اگر بادشاہ نے کسی کی کوئی شرعی حق تلفی کی ہو تو اس پر عدالت میں چارہ جوئی کی جائے۔‘‘

(بادشاہ نامہ عالمگیری صفحہ 477 مصنفہ شمس العلماء ذکاء اللہ دہلوی)

قانونی مساوات

دین حق میں قانونی طور پر تمام افراد مساوی حقوق رکھتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ تم سے پہلی قومیں اس لیے ہلاک ہوئیں کہ جب بڑے آدمیوں سے کوئی قصور ہوتا اس کو چھوڑ دیا جاتا اور جب کمزور آدمی اُسی جرم کا مرتکب ہوتا تو اس کو سزا دی جاتی۔

آپؐ نے ایسی تعلیم دی کہ کسی کے حقوق کسی بھی صورت میں ضائع نہ ہوں۔ آپ نے حضرت اسامہ بن زیدؓ کو فوج کا سپہ سالار مقرر کرکے حضرت عمرؓ اور حضرت ابوبکرؓ کو اُن کی کمان میں دیا۔ اس پر بعض نے اعتراض کیا تو اُن کو فرمایا اس سے پہلے جب اس کے باپ کو سپہ سالار بنایا گیا تب بھی تم میں سے بعض نے اعتراض کیا تھا۔ (بخاری، کتاب المناقب مناقب زیدؓ)

غرض دین حق میں ہر ایک کے حقوق برابر ہیں۔ قانون کی نظر میں ہر ایک برابر ہے۔ صلاحیت اور قابلیت کے اعتبار سے ہر کسی کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ہیں۔ کسی رنگ ونسل بھید و بھاؤ یا کسی اور وجہ سے کسی شخص کو بھی فوقیت حاصل نہیں۔ خدا کرے وہی دور دوبارہ دنیا میں آئے اور ہر طرف عدل کا دور دورہ ہو۔ خدا کے بندوں کا حق بھی قائم ہو اور خود اللہ تعالیٰ کی ہستی سے بھی عدل کا معاملہ کیا جاوے۔

ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

بھوک کا عالمی مسئلہ

ہم جس دنیا میں رہتے ہیں۔ اس کی تصویر کا ایک رخ بہت بھیانک ہے۔ یہ بھوک اور افلاس کا رخ ہے۔ رنگ و بو کی اس دنیا میں ایک ارب سے زائد افراد ایسے ہیں جو بھوک وافلاس سے بری طرح متاثر ہیں۔ ان افراد کا تعلق ایسے ممالک سے ہے جہاں آمدنی بہت کم اور غذائی قلت ہے۔ ایسے ممالک اپنی آبادی کی ضروریات کے مطابق خوراک پیدا نہیں کرتے اور نہ ہی درکار خوراک درآمد کرنے کے قابل ہیں۔ ان میں سے نصف سے زائد ممالک کا تعلق براعظم افریقہ سے اور تقریباً ایک چوتھائی کا ایشیا سے ہے اس کے علاوہ یہ بھی حقیقت ہے کہ دنیا کے تقریباً بیس کروڑ بچے سکول جانے کی عمر سے پہلے ہی خوراک کی قلت کا شکار ہیں اور ہر روز تقریباً پچاس ہزار بچے غذا کی کمی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے باعث انتقال کر جاتے ہیں۔

اس کرہ ارض پر روزانہ تقریباً ساڑھے تین لاکھ بچے جنم لیتے ہیں اور سالانہ تقریباً 16 کروڑ 75 لاکھ افراد کا اضافہ ہوتا ہے اور آٹھ کروڑ پینتالیس لاکھ افراد زندگی کی آخری سانسیں لیتے ہیں۔ جو بھی ذی روح پیدا ہوتا ہے۔ اسے خوراک کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ دنیا کی آبادی تقریباً ساڑھے چھ ارب کے قریب ہوگئی ہے اور مختلف وجوہ کی بنا پر دنیا میں بھوک اور افلاس میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ اس کی وجہ زمین کے وسائل اور آبادی کے تناسب میں بڑھتا ہوا فرق ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ دنیا میں خوراک کے ضمن میں اصل مسئلہ وسائل کی کمی نہیں بلکہ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، عزم وارادہ کا فقدان اور بین الاقوامی سیاست ہے۔ وسائل کی نامنصفانہ تقسیم مسائل پیدا کرتی ہے اور سیاسی پیچیدگیاں فساد پھیلانے کا سبب بنتی ہیں۔ گزشتہ صدی کے دوسرے نصف میں دنیا کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ہوا۔ جس سے خوراک کی طلب بے تحاشا بڑھ گئی۔ بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لئے زمیندار نے زمین کی پیداوار بڑھانے کے لئے نت نئے طریقے اختیار کئے۔ سائنسی بنیادوں پر فارمنگ کے باعث زمینی پیداوار میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ دوسری جانب بھوک سے نڈھال براعظم افریقہ ہے۔ جس کے بارے میں اقوام متحدہ کی خوراک اور زراعت کی تنظیم کا کہنا ہے کہ اس براعظم کے اکثر ممالک خوراک کے لحاظ سے بدقسمت ترین واقع ہوئے ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ وسائل کی کمی ہے۔ اکثر کسان جدید آلات تو کیا، مناسب بیج تک خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ دراصل افریقہ میں سیاسی عدم استحکام کے باعث زراعت کو اس قدر دھچکے لگے ہیں کہ یہ شعبہ تباہ ہوگیا ہے۔ اگر آج بھی افریقہ سے سیاسی جوڑ توڑ اور نفرتوں کا خاتمہ ہوجائے تو یہ براعظم نہ صرف اپنی خوراک کی ضروریات پوری کرنے کے قابل ہو جائے گا بلکہ دوسروں کو بھی خوراک فراہم کرسکے گا۔ سیاسی عدم استحکام اور زرعی پیداوار کے تعلق کی وضاحت کے لئے چین کی مثال دی جاسکتی ہے۔ چین کے عظیم راہنما ماؤزے تنگ کے زبردست اقدام کے باوجود 1950ء اور 1960ء کے عشرے میں چین میں بدترین قحط پڑا اور لاکھوں افراد بھوک کے باعث لقمہ اجل بن گئے۔ کیونکہ اس وقت ملک سیاسی عدم استحکام کی کیفیت سے دوچار تھا۔ لیکن جب یہی ملک سیاسی طور پر مستحکم ہوگیا تو خوراک کی صورتحال یکسر بدل گئی۔ آج چین والے موٹاپے کا شکار ہورہے ہیں اور وہاں جدید طریقے استعمال کرکے زمین کی پیداوار میں تقریباً تین گنا اضافہ کیا گیا ہے۔

انسان اپنی خوراک کا 99 فیصد حصہ زمین سے حاصل کرتا ہے اور زرعی سائنس کی ترقی کے باعث زمین کی پیداواری صلاحیت میں سو فیصد اضافہ کرنا ممکن ہوگیا ہے۔ بعض ماہرین کے مطابق درحقیقت خوراک کی پیداوار میں کمی نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ اس کی غلط تقسیم مسائل کھڑے کررہی ہے۔ لہٰذا آج ترقی پذیر ممالک کی 20 فیصد آبادی بھوک کا شکار ہے۔ پاکستان بھی ایک ترقی پذیر ملک ہے اور 1960ء کے عشرے سے ہی یہ ملک گندم درآمد کرنے لگا تھا۔ قیام پاکستان کے ابتدائی چند برسوں تک گندم کے لئے زیر کاشت رقبہ 9770.5 تھا۔ بعدازاں ملک میں زیر کاشت رقبے میں تھوڑا بہت اضافہ ہوا۔ لیکن آبادی میں اضافے کے باعث خوراک کی طلب میں مزید اضافہ ہوگیا۔ 1947-48ء میں گندم کے لئے کل زیر کاشت رقبہ 9770.5 ایکڑ تھا۔ جس میں اوسط پیداوار 848 کلوگرام فی ہیکٹر تھی۔ 1997-99ء میں یہ رقبہ بڑھ کر 20645.50 ایکڑ اور اوسط پیداوار 2238 کلوگرام فی ہیکٹر تھی۔ اس برس ہم گندم برآمد کرنے کے قابل ہوگئے لیکن شکر کی درآمد شروع ہوگئی۔ یہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ پاکستان میں چاول اور گندم کی فی ایکڑ پیداوار دنیا میں سب سے کم ہے۔

خوراک کی قلت پر قابو پانے کے لئے ضروری ہے کہ امیر اور ترقی یافتہ ممالک غریب اور پسماندہ ممالک کی نہ صرف مالی اور تکنیکی مدد کریں۔ بلکہ دنیا بھر میں سیاسی، سماجی، معاشرتی اور اقتصادی استحکام پیدا کرنے کے لئے بھی اپنا کردار ادا کریں۔ پاکستان میں اہم زرعی شعبے پر بھرپور توجہ دے کر غذائی اجناس میں خود کفالت حاصل کرسکتے ہیں۔ لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ حکومت مؤثر، ٹھوس اور حقائق پر مبنی پالیسی بنائے۔ کسانوں کو ہر طرح کی سہولتیں دی جائیں۔ آبپاشی کے نظام اور آبی ذخیرہ گاہوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اگر ملکی اور عالمی سطح پر اس مسئلے سے نمٹنے کے لئے ٹھوس منصوبہ بندی نہیں کی گئی۔ تو زمین پر انتہائی المناک واقعات رونما ہوں گے۔ کیونکہ بھوک اور افلاس میں بھی ایک طاقت ہوتی ہے جو ماضی میں ملکوں کے جغرافیے تبدیل کرتی رہی اور قتل و غارت گری کا سبب بنتی رہی ہے۔

احباب جماعت اور واقفین نو بچوں کے والدین کو چاہئے کہ وہ صدقہ وخیرات دیتے رہیں اور حسب توفیق جماعتی نظام کے تحت غربا کی مدد کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو قحط جیسے عذاب سے بچائے اور

غریب حکمران

سلطان صلاح الدین ایوبی مصر وشام کی وسیع و زرخیز سلطنتوں کے مالک تھے۔ جب ان کا انتقال ہوا تو ان کے ذاتی خزانے میں 47 درہم نکلے جو انتہائی معمولی رقم تھی۔ تابوت اور کفن دمشق کے نامور قاضی فاضل نے مہیا کئے جس نے رزق حلال سے اپنے ہاتھ کی کمائی سے یہ چیزیں بہم پہنچائیں۔

ہتھیار برآمد کرنے والے بڑے ممالک

(سالانہ آمدن ڈالروں میں)

1	امریکہ	74ارب 54 کروڑ
2	یورپی یونین	64ارب 58 کروڑ
3	روس	45ارب 88 کروڑ
4	جرمنی	33ارب 95 کروڑ
5	فرانس	26ارب 90 کروڑ
6	ہالینڈ	13ارب 55 کروڑ
7	برطانیہ	11ارب 51 کروڑ
8	اٹلی	5ارب 62 کروڑ
9	سپین	5ارب 29 کروڑ
10	سویڈن	4ارب 13 کروڑ
11	چین	3ارب 55 کروڑ
12	کینیڈا	3ارب 43 کروڑ
13	اسرائیل	2ارب 38 کروڑ
14	جنوبی کوریا	2ارب 14 کروڑ
15	سوئٹزرلینڈ	1ارب 11 کروڑ

(سنڈے ایکسپریس 26/اکتوبر 2008ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 93005 میں صدام حسین ایوبی

ولد اعجاز احمد بٹ قوم بٹ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت 1997ء ساکن طاہر ہوسٹل ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2060 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ صدام حسین ایوبی۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالخالق شاد وصیت نمبر 22524۔ گواہ شد نمبر 2 امین الرحمٰن وصیت نمبر 27072

مسل نمبر 93006 میں مبشر احمد اسد

ولد طاہر احمد تنویر قوم ملک پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/800 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مبشر احمد اسد۔ گواہ شد نمبر 1 طاہر احمد تنویر۔ گواہ شد نمبر 2 امین الرحمٰن وصیت نمبر 27072

مسل نمبر 93007 میں طیب رضا

ولد جاوید احمد قوم بھگت پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/700 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طیب رضا۔ گواہ شد نمبر 1 بلال احمد کھوکھر۔ گواہ شد نمبر 2 امین الرحمٰن وصیت نمبر 27072

مسل نمبر 93008 میں مقصود احمد ظفر

ولد محمود احمد قوم جٹ رندھاوا پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر ہوسٹل ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/900 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مقصود احمد ظفر۔ گواہ شد نمبر 1 کرامت علی۔ گواہ شد نمبر 2 امین الرحمٰن وصیت نمبر 27072

مسل نمبر 93009 میں عطاء المحسن

ولد عبدالصمد قوم راجپوت پیشہ عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طارق آباد خانیوال بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عطاء المحسن۔ گواہ شد نمبر 1 محمد شفیق وصیت نمبر 34250 گواہ شد نمبر 2 راجہ مبارک احمد وصیت نمبر 26571

مسل نمبر 93010 میں محمد ذکاء الرحمٰن

ولد غلام باری سیف قوم جٹ جھنگل پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلام پارک خانیوال بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 09-08-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد ذکاء الرحمٰن۔ گواہ شد نمبر 1 غلام باری سیف وصیت نمبر 31359۔ گواہ شد نمبر 2 محمد شفیق وصیت نمبر 34250

مسل نمبر 93011 میں عذرا شاہین

